PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " معاشرتی رویے"

## " دیگر"

## 21% پاکستانیوں کو اپنی زندگی میں دوسری چیزوں کی نسبتً تعلیم حاصل نہ کرنے کا پچھتاوا ہوا:


### گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن ،گیلپ پاکستان

اسلام آباد، 04 جولائی، 2016

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق 64% پاکستانیوں کو اپنی زندگی میں کسی بات پر پچھتاوا ہوا، اس کے علاوہ بہت سے 30% پاکستانیوں کو اُن کے والدین اُن کے پاس نہ ہونے کا پچھتاوا ہوا، اور دیگر 21% افراد کو تعلیم حاصل نہ کرنے کا پچھتاوا ہوا۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مردوخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ، " **ہر انسان کو اپنی زندگی میں کوئی نہ کوئی پچھتاوا ضرور ہوتا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کو اپنی زندگی میں چاہے صرف ایک منٹ کے لیے کبھی پچھتاوا ہوا ؟**"،اس سوال کے جواب میں 64% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ "ہاں" اُنھیں اپنی زندگی میں کبھی نہ کبھی پچھتاوا ہوا، جبکہ 35% افراد کا کہنا ہے کہ اُنھیں کبھی بھی اپنی زندگی میں پچھتاوا نہیں ہوا، تاہم 1% نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" ہر انسان کو اپنی زندگی میں کوئی نہ کوئی پچھتاوا ضرور ہوتا ہے۔ برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ کو اپنی زندگی میں چاہے صرف ایک منٹ کے لیے کبھی پچھتاوا ہوا ؟"




جن جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ "ہاں" اُنھیں اپنی زندگی میں پچھتاوا ہوا تو ان سے مزید پوچھا گیا، "**اگر ہاں تو برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کو اپنی زندگی میں کس بات پر پچھتاوا ہوا ؟**"،اس سوال کے جواب میں 30% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ اُنھیں اس بات کا پچھتاوا ہے کہ اب ان کے والدین ان کے پاس نہیں ہیں، 15% افراد کو بچوں کو ٹائم نہ دے پانا کا پچھتاوا، 9% افراد کو اپنی صحت کا خیال نہ رکھنے کا پچھتاوا، دیگر 9% افراد کو شریک حیات کو ٹائم نہ دے پانے کا پچھتاوا، 14% افراد کو اپنے لیے ٹائم نہ نکال پانے کا پچھتاوا، 10% افراد کو کسی کی سالگرہ بھول جانے کا پچھتاوا، 14% افراد کو کسی جگہ پر پہنچنے میں دیر ہو جانے کا پچھتاوا، 9% افراد کو انکار نہ کرنے کا پچھتاوا ، 21% افراد کو تعلیم حاصل نہ کرنے کا پچھتاوا، 9% افراد کو اپنی مرضی کا شعبہ اختیار نہ کرنے کا پچھتاوا، 4% افراد کو اپنے دوستوں کے ساتھ رابطے میں نہ رہ پانے کا پچھتاوا، 2% افراد نے دیگر جوابات دیئے، 1% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" اگر ہاں تو برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کو اپنی زندگی میں کس بات پر پچھتاوا ہوا؟ (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)"




*Source: Gilani Research Foundation Poll (GRF Poll)*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1802 مردوخواتین سے 09 مئی 2016 تا 16 مئی 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday July 04, 2016**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*


*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com



***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com


Daily Gilani Poll
2016

celebrating 36 years
of Gallup Pakistan
(1980-2016)